نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق

Graduate and Research Management Council (GRMC)

وفاقی اُردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس اور ٹیکنالوجی (کراچی/اسلام آباد)

تاریخ: 06 /اکتوبر 2026ء   مجاریہ: ن ا ت ت/1299/2026ء

یاددہانی

بابت

قواعد سیمینار (ایم فل، ایم ایس اور پی ایچ ڈی)

بحوالہ گریجویٹ اینڈ ریسرچ مینجمنٹ کونسل (GRMC) کے اٹھائیسویں (28th) اجلاس منعقدہ مورخہ 16/اپریل 2014ء کی شق 11(ii)، مورخہ 6/جون 2014ء، مجاریہ: جی آر ایم سی/۴۹۴۰/۲۰۱۴ء

مطلع کیا جاتا ہے کہ درجِ بالا اعلامیوں کے تحت طلبہ کے سیمینار رپورٹ اور تحقیقی خاکہ جات ارسال کرنے کی ہدایت کی گئی تھی لیکن مشاہدہ میں آیا ہے کہ شعبہ جات کی جانب سے مذکورہ قواعد پر عملدرآمد نہیں کیا جارہا ہے لہٰذا جمیع شعبہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ درجِ ذیل قواعد کے تحت ہی ایم فل، ایم ایس اور پی ایچ ڈی کے طلبہ کے تحقیقی خاکہ جات و سیمینار ارسال کریں:

نگراں مقالہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ قواعد کے مطابق سیمینار منعقد کروائیں اور انچارج/صدر شعبہ، اراکین DRC اور رئیس کلیہ برائے کارروائی ارسال کرنے سے قبل تمام کاغذات اور فیس وغیرہ سے متعلق تسلی کرلیں۔ نامکمل سیمینار رپورٹ دفتر GRMC میں قابل قبول نہیں ہوگی۔

(1) محقق ایم فل کے لئے دو (2) اور پی ایچ ڈی کے لئے تین (3) سیمینار پیش کرے۔ ہر سیمینار کے درمیان کم از کم چار سے چھ ماہ کا وقفہ لازمی ہوگا۔

(2) ایم فل کا پہلا سیمینار تیسرے سمسٹر کے چوتھے سے چھٹے ہفتے کے دوران شعبہ جاتی لیول پر تحقیقی خاکہ کی بنیاد پر پیش کرے۔

(3) دوسرا سیمینار چوتھے سمسٹر کے چوتھے سے چھٹے ہفتے کے دوران فیکلٹی لیول پر پیش کیا جائے گا جو کہ تمام ریسرچ کا احاطہ کرے۔

(4) شعبہ جاتی لیول کے سیمینار میں تمام طلبہ اور شعبہ کے فیکلٹی ممبران شرکت کریں گے اور طالب علم سے سیمینار سے متعلق سوالات کریں گے۔ سیمینار کے بعد DRC مقررہ پروفارمہ پر GRMC کو اپنی رپورٹ پیش کرے۔

(5) پی ایچ ڈی کے محقق تین (3) سیمینار پیش کریں۔ پہلا سیمینار تحقیقی خاکہ پر مشتمل ہوگا۔

(6) پی ایچ ڈی کے دوسرے سیمینار (پروگریس سیمینار) میں محقق اپنی تحقیق سے متعلق ابتدائیہ، لٹریچر کا جائزہ، طریقہ کار (Methodology) اور نتائج کا احاطہ کرے۔

(7) تیسرا سیمینار (ورک سیمینار) جس میں محقق اپنا مکمل کام تفصیل سے بیان کرے گا اور اس کے بعد تحقیقی مقالہ قواعد کے مطابق رپورٹ کے ساتھ GRMC میں برائے دیگر کارروائی جمع کروائیں۔

دفتر نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC)، انتظامی بلاک، گلشن اقبال، کراچی 75300، فون 8-021-99244141، ایکسٹینشن: 2019

s@m

نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق

Graduate and Research Management Council (GRMC)

وفاقی اُردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس اور ٹیکنالوجی (کراچی/اسلام آباد)

تاریخ: 06 / اکتوبر 2026ء

مجاریہ: ن ا ت ت/ 1299 / 2026ء

نوٹ: طلبہ کے سیمینار کے انعقاد کے لیے نگراں مقالہ کو متعلقہ صدر/ انچارج شعبہ اور رئیس کلیہ سے بذریعہ نوٹس پیشگی تحریری اجازت لینا لازمی ہے۔ نوٹس میں سیمینار دینے والے طالب علم کا نام، شعبہ، پروگرام، سیمینار کے انعقاد کی تاریخ اور وقت، مقالہ کا خلاصہ، Abstract/Summary تحریر ہو اور نگراں مقالہ متعلقہ صدر/ انچارج شعبہ اور رئیس کلیہ کے دستخط ثبت ہوں۔ جسے شعبہ میں Circulate کرنا لازمی ہوگا۔ واضح رہے کہ Synopsis سیمینار کا کم از کم دورانیہ 20 سے 30 منٹ، جبکہ ورک سیمینار کا دورانیہ کم از کم 45 منٹ سے 1 گھنٹہ ہونا لازمی ہے۔

نیز شعبہ GRMC کو تحقیقی خاکہ یا سیمینار رپورٹ جمع کرواتے وقت، سیمینار رپورٹ مع سیمینار میں شرکت کرنے والے اساتذہ اور طلبہ کی حاضری، رئیس کلیہ اور صدر/ انچارج شعبہ کی سیمینار کے انعقاد کی تحریری اجازت (نوٹس) کی عکسی نقل جمع کروانا لازمی ہے۔

رجسٹرار

نقل:

۱۔ دفتر چیئرمین نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC)
۲۔ انچارج کیمپس (اسلام آباد، گلشن اقبال، عبدالحق)
۳۔ جمیع رؤسائے کلیات
۴۔ ایڈیشنل رجسٹرار (اسلام آباد کیمپس)
۵۔ جمیع صدور/ انچارج شعبہ جات (کراچی/ اسلام آباد کیمپس)
۶۔ جمیع انتظامی سربراہان (کراچی/ اسلام آباد کیمپس)
۴۔ شعبہ GRMC (اسلام آباد کیمپس)
۷۔ شخصی مسل
۸۔ مسل متعلقہ اجلاس
☆ فیصل بہادر برائے ویب سائٹ